مغفور اللہ صاحب، حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب۔ حضرت مولانا قاضی انوار الدین صاحب خطیب شہر اور دیگر اکابر بھی شریک تھے۔ اس موقع پر پہلے دو معصوم طلباء سے سنگ بنیاد رکھوایا گیا اور خصوصی دعا بھی کی گئی۔

دارالعلوم کے اہم شعبہ تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول کے امتحانات: ۶ مارچ ۲۰۰۶ء بروز پیر کو تقریب امتحانات میں حضرت مہتمم صاحب نے خود شرکت کی اور سکول میں اسلامیات کے نصاب امتحانات میں خصوصی حصہ لیا۔ اس موقع پر تقریب میں بچوں کے والدین اور سرپرست بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ سکول کے پرنسپل جناب سردار حسین نے تقریب کو بہتر سے بہتر بنانے میں بڑی محنت کی۔

تبلیغی جماعت کے عظیم رہنما حضرت مولانا طارق جمیل مدظلہ کی دارالعلوم آمد اور خطاب: تبلیغی جماعت کے عظیم رہنما اور موثر قوت بیان کے بہترین خطیب حضرت مولانا طارق جمیل صاحب نے ۱۴ مارچ کو بعد از نماز ظہر جامع مسجد دارالعلوم میں دو گھنٹے تک عالمانہ اور حکیمانہ خطاب فرمایا جس میں طلبہ کے علاوہ صوبہ سرحد و پنجاب سے بھی کافی اہم حضرات شریک ہوئے، آپ کے دورہ سے طلبہ پر نہایت مثبت اثرات مرتب ہوئے۔

اساتذہ دارالعلوم صاحبزادگان گرامی کی تقریب شادی: اساتذہ دارالعلوم شیخ الحدیث قدس سرہ کے خاندان کے تین صاحبزادگان احفاء کرام جو الحمدللہ عرصہ سے دارالعلوم کے شعبہ تدریس سے وابستہ ہیں، کی شادی کی تقریبات اس مہینہ میں انجام پائیں۔ مولانا حافظ عرفان الحق ابن جناب الحاج اظہار الحق ناظم دارالعلوم کی شادی حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی صاحبزادی سے ۲۴ فروری کو ہوئی۔ تقریب رخصتی میں علماء عمائدین ملک وملت سیاسی زعماء سفراء ممبران پارلیمنٹ اور معلقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی جس میں سینٹ کے چیئرمین جناب محمد میاں سومرو، قومی اسمبلی کے سپیکر جناب چودھری امیر حسین، سعودی عرب کے سفیر جناب عواد العیسری، لیبیا کے سفیر عبدالماجد اور جمعیت الدعوۃ پاکستان کے مسئول جناب الشیخ عبداللہ جبران صاحب اور دیگر اہم حضرات شریک ہوئے۔ رسم نکاح دارالعلوم کے وسیع ہال ایوان شریعت میں ادا کی گئی۔ بقیۃ السلف حضرت مولانا عبدالحنان صاحب فاضل دارالعلوم دیوبند، جو حضرت مولانا سمیع الحق، مولانا انوار الحق اور دیگر بھائیوں کے سگے ماموں ہیں نے نکاح پڑھایا۔ دوسری تقریب حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم کے صاحبزادے مولانا سلمان الحق کے نکاح کی تھی، جو ۱۰ مارچ کو منعقد ہوئی۔ نکاح جامعہ اشرفیہ عیدگاہ پشاور میں مرحوم حضرت مولانا محمد اشرف علی قریشیؒ (جن کا چند ماہ پہلے انتقال ہوا) کی صاحبزادی سے ہوا جو مولانا سمیع الحق اور دیگر برادران کی سگی بھانجی ہیں۔ نکاح کی تقریب میں صوبہ بھر کے اہم علماء ومشائخ نے شرکت کی۔ نکاح جامعہ اشرفیہ کے نائب مہتمم حضرت مولانا فضل رحیم صاحب نے پڑھایا۔ دعوت ولیمہ ۱۲ مارچ کو حضرت مولانا انوار الحق صاحب کے مکان پر دیا گیا۔ تیسرا نکاح جناب الحاج اظہار الحق کے صاحبزادے مولانا لقمان الحق کا ۲۳ فروری کو جہانگیرہ میں جناب حفظ الرحمان صاحب کی صاحبزادی سے ہوا۔ یہ بھی حضرت مولانا سمیع الحق کی سگی بھانجی ہیں اور اسی دن رخصتی ہوئی۔ ادارہ ان سب کی خوشیوں میں شریک اور دلی مبارکباد پیش کرتا ہے۔